محبت

دین محبت ہے، محبت دین

امام محمد باقر علیہ السلام

جمع و ترتیب
سیّد وصی امام

پیغامِ وحدتِ اسلامی کراچی

Presented by www.ziaraat.com

صاحبانِ ایمان تو
پروردگار سے
شدید محبت رکھتے ہیں

(سورۂ مائدہ، آیت ۵۴)

فہرست

	صفحہ نمبر
دعائے امامِ جعفرِ صادقؑ	۲
اللہ کی محبت	۳
حضرت داؤدؑ کی طرف وحی	۵
وہ لوگ جن پر انبیاء وشہداء رشک کریں گے	۸
ایمانِ کامل	۹
ایمان کا مضبوط پہلو	۱۰
تین صفات کا حامل ایمان کا مزہ چکھے گا	۱۰
اللہ سے محبت کے اسباب	۱۲
طالبِ علم، اللہ کا محبوب	۱۳
حاملانِ قرآن، اللہ کے محبوب	۱۴
اللہ کا ذکر	۱۷
توبہ	۱۹
دعا	۲۱
خوش اخلاقی	۲۳
سخاوت	۲۵
غصہ برداشت کرنا	۲۶
نرمی	۲۷

پیشِ لفظ

خدا کی محبت کیسے حاصل کی جائے۔؟

اسکے لیے مومن کو (۴) چار چیزوں کی ضرورت ہے

اول : علم دین جس کے ذریعے وہ زندگی خدا کے احکامات تلے گزار سکے۔

دوئم : ذکرِ خدا، جو اسکا انیس ورفیق بنے۔

سوئم : تقویٰ، جو اسے خدا کی نافرمانی سے بچائے۔

چہارم : یقین کامل، جو عبادت کا باعث بنے۔

ان ۴ چیزوں کو جمع کرنے سے خدا کی محبت پیدا ہوگی، فقط باتیں بنانے سے کچھ نہ ہوگا عمل کے میدان میں آگے بڑھنا ہوگا۔

کامیابی تو کام سے ہوگی نہ کہ حسنِ کلام سے ہوگی

مایوس نہ ہوں اگر آپ کنویں سے مٹی نکالتے رہیں گے تو ایک نہ ایک دن ضرور ہاتھ پانی تک پہنچیں گے۔ اگر آپ مسلسل دروازہ کھٹکھٹاتے رہیں گے تو انجام کار ایک سَر ضرور اس سے باہر نکلے گا۔ ہمت نہ ہاریں پیاسے اگر پانی طلب کرتے ہیں تو پانی بھی عالم میں پیاسوں کو ضرور ڈھونڈتا ہے۔ اس مہربان ہستی نے خود ہی تو کہا۔

وهو الغفور الودود

یعنی ہم بندوں کے گناہ بخش دیتے ہیں۔ کیوں؟ اسلئے کہ ہم ودود بھی تو ہیں ہمیں اپنے بندوں سے بڑی محبت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ بار بار ہمیں معاف کرتا ہے جسطرح بچہ ماں کے اوپر اپنی گندگی گراتا ہے تو ماں اسے دھو کر پیار کرتی ہے جبکہ وہ بار بار ایسا کرتا ہے ماں کو یقین ہوتا ہے کہ یہ پھر ایسا کرے گا مگر وہ اپنی شفقت سے نہیں پھرتی۔ محبت کی وجہ سے اس کا عزم رکھتی ہے کہ میں بار بار پاک کرتی رہوں گی۔ کیا خدا کی محبت ماؤں سے کم ہے جبکہ ماؤں کو محبت کرنا بھی اُسی نے سکھایا ہے۔

والسّلام ادارہ

Presented by www.ziaraat.com

- موت ۲۷
- جمال ۲۹
- خوبصورتی زبان میں ہے ۲۹
- روایتِ ابنِ عباس ۳۰
- اللہ کے محبوب اور برگزیدہ بن جاؤ ۳۱
- اللہ کی محبت یقینی ہے ۳۱
- روایتِ امیر المومنینؑ ۳۲
- اللہ کے اہل وعیال ۳۳
- ایمان کے بعد عقل کا کمال ۳۴
- ہوشیار ہو جاؤ! آپس کی دشمنی تباہ کن ہے ۳۷
- اللہ جن سے محبت نہیں کرتا ۴۴

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہم تو اللہ کے رنگ میں رنگ گئے
اور اللہ کے رنگ سے کس کا رنگ بہتر ہوگا

(سورۂ بقرہ، آیت ۱۳۸)

جو لوگ ایماندار ہیں
وہ تو سب سے بڑھ کر خدا سے محبت رکھتے ہیں

(سورۃ البقرہ، آیت ۱۶۵)

صاحبانِ ایمان تو پروردگار سے شدید محبت رکھتے ہیں

(سورۂ مائدہ، آیت ۵۴)

پورے دل سے خدا کی محبت اختیار کرو

(رسولؐ خدا)

دعائے امام جعفرِ صادق علیہ السلام

یا اللہ

تو وہ خدا ہے کہ تیرے سواء کوئی معبود نہیں۔

جس نے تجھ سے محبت کی وہ کامیاب ہوا۔

جس نے تجھ سے مناجات کی وہ نیک بخت ہوگیا۔

جس نے تجھ کو پکارا وہ غالب ہوا۔

جس نے تجھ سے امید کی وہ کامیاب ہوا۔

جس نے تیرا قصد کیا اُس نے نفع اٹھایا۔

جس نے تجھ سے تجارت کی اُس نے فائدہ اٹھایا۔

اللہ کی محبت

انسان کے دل میں ایمان یہ ہے کہ
وہ خدائے عزوجل سے محبت رکھتا ہو

---------- رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دل خدا کا حرم ہے
لہٰذا تم حرمِ الٰہی میں غیر خدا کو نہ ٹھہراؤ

---------- امام جعفرِ صادق علیہ السلام

حضرت عیسیٰؑ سے پوچھا گیا : بہترین عمل کونسا ہے
آپؑ نے فرمایا :
خدا سے راضی رہنا اور اُس سے محبت کرنا

خدا سے پورے دل کے ساتھ محبت کرو

---------- رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Presented by www.ziaraat.com

خداوندا !

میں تجھ سے تیری محبت اور اُن لوگوں کی محبت
کی درخواست کرتا ہوں
جو تجھ سے محبت کرتے ہیں
ایسے عمل کی درخواست کرتا ہوں
جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے
پروردگار! اپنی محبت کو میرے نزدیک میری اپنی ذات،
اہل وعیال اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب قرار دے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ---------------

محبت خوف سے افضل ہے

امام جعفرِ صادق علیہ السلام ---------------

حضرت داوٗدؑ کی طرف وحی کی گئی

اے داوٗدؑ !

میرا ذکر ---------- ذکر کرنے والوں کے ساتھ ہے
میری جنت ---------- اطاعت کرنے والوں کیلئے ہے
میری محبت ---------- شوق رکھنے والوں کیلئے ہے
اور میں ---------- محبت کرنے والوں کیلئے مخصوص ہوں

اللہ نے توریت میں فرمایا :

اے آدمؑ کے بیٹے ---------- میں تجھ سے محبت کرتا ہوں
تم بھی مجھ سے محبت کرو

---------- (توریت، چوتھی آیت)

اے آدمؑ کے بیٹے :

ہر شخص تجھے اپنے لئے چاہتا ہے لیکن میں
تمہیں تمہارے فائدہ کیلئے چاہتا ہوں
لہٰذا مجھ سے فرار نہ کرو

(توریت، دسویں آیت)

Presented by www.ziaraat.com

اللہ تعالیٰ نے حضرت داوٴدؑ پر وحی کی:

بنی اسرائیل کے جوانوں سے کہہ دیجئے

کہ مجھے چھوڑ کر کیوں دوسروں سے دل لگا بیٹھے ہو

جبکہ میں تمہارا مشتاق ہوں،

یہ کیسی جفا ہے؟

اگر مجھ سے روگردانی کرنے والوں کو یہ معلوم ہو جاتا

کہ مجھے ان کا کتنا انتظار ہے اور میں ان پر کتنا مہربان ہوں

اور معصیت چھوڑنے کو کتنا دوست رکھتا ہوں

تو وہ میرے شوق میں جان دے دیتے

اور میری محبت میں اُن کے جوڑ جوڑ ٹوٹ جاتے

یہ ارادہ تو میرا روگردانی کرنے والوں کیلئے ہے

اُن کی تو بات ہی دوسری ہے جو میری طرف بڑھتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

اے داوٴدؑ!

میری زمین پر بسنے والوں کو یہ بتا دو

کہ جو مجھ سے محبت کرتا ہے میں

اُس سے محبت کرتا ہوں

مسکن الفواد

اللہ تعالیٰ نے حضرت داوٴدؑ سے فرمایا:

مجھ سے محبت کرو اور مجھے میری مخلوق میں محبوب بناوٴ

حضرت داوٴدؑ نے عرض کی: اے میرے رب!

لیکن تیری مخلوق کے درمیان تجھے کیسے محبوب بناوٴں؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اُن کے سامنے میری نعمتوں کا ذکر کرو،

جب تم اُن کے سامنے میری نعمتوں کا ذکر کرو گے

تو وہ مجھ سے محبت کریں گے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ کو اس کے بندوں میں محبوب بنا دو،

اللہ بھی تم سے محبت کرے گا — رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دین محبت ہے ، محبت دین ہے

امام محمد باقر علیہ السلام

کیا دین محبت کے علاوہ کچھ اور بھی ہے

امام جعفرِ صادق علیہ السلام

کیا ایمان حب اور بغض کے علاوہ کسی اور چیز کا نام ہے

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

افضل دین خدا کیلئے محبت اور خدا ہی کیلئے دشمنی رکھنا ہے

امام علی علیہ السلام

ایمانِ کامل

کسی بندے کا ایمان اُس وقت تک کامل نہیں ہوتا جب تک وہ اُس چیز سے محبت نہ کرے جس سے خدا محبت کرتا ہے اور اُس چیز سے بغض نہ رکھے جس کو خداوندِ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا۔

امام علی علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

ایمان کا مضبوط پہلو

رسول ؐ اللہ سے پوچھا گیا :

ایمان کا کون سا پہلو سب سے زیادہ مضبوط ہے؟

آپ ؐ نے فرمایا :

اللہ کی راہ میں محبت اور اللہ کی راہ میں دشمنی۔

امام جعفرِ صادق علیہ السلام

ایمان کا مضبوط ترین پایہ یہ چیزیں ہیں :

- اللہ کی راہ میں دوستی
- اللہ کے لئے محبت
- اللہ ہی کے لئے دشمنی

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین صفات کا حامل ایمان کا مزہ چکھے گا :

۱۔ اللہ اور اُس کے رسول ؐ سے بڑھ کر کوئی اور چیز اس کے نزدیک زیادہ محبوب نہ ہو۔

۲۔ دین سے مُرتد ہونے سے آگ میں جلنے کو زیادہ ترجیح دے۔

۳۔ اللہ کی خوشنودی کیلئے کسی سے محبت یا دشمنی رکھتا ہو۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسولؐ اللہ نے اپنے اصحابؓ سے فرمایا :
بتاؤ کہ ایمان کا کون سا پہلو سب سے زیادہ مضبوط ہے؟
صحابہؓ نے عرض کیا : اللہ اور اُس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔
بعض نے کہا : نماز
بعض نے کہا : زکوٰۃ
لیکن خود سرکار رسالتمآبؐ نے ارشاد فرمایا :
تم نے جو کچھ بتایا ہے اسکی فضیلت اپنے مقام پر ہے
لیکن جو میں نے پوچھا ہے اس کا جواب تم نے نہیں دیا۔

سنو ! ایمان کا مضبوط ترین پہلو :

- اللہ کی راہ میں محبت
- اللہ کی راہ میں دشمنی
- اللہ کے اولیاء سے دوستی
- اللہ کے دشمنوں سے بیزاری

امام جعفرِ صادق علیہ السلام

محبت کے اسباب

جان لو !

اُلفت و محبت اللہ کے سبب ہے
اور دشمنی شیطان کے سبب پیدا ہوتی ہے

امام محمد باقر علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

علم

طالبِ علم اللہ کا محبوب ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ جب کسی کو دوست رکھنا چاہتا ہے
تو اُس کے دل میں علم کی تڑپ ڈال دیتا ہے

امام علی علیہ السلام

اللہ کے نزدیک مومنین میں زیادہ محبوب وہ شخص ہے
جو اپنے نبیؐ کی اُمّت کو نصیحت کرے
اپنے عیوب میں غور وفکر کرے اور ان کی اصلاح کرے
اور علم حاصل کرے اور اس پر عمل کرے
اور لوگوں کو اُس کی تعلیم دے۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

علم ایک نور اور روشنی ہے

اللہ

اپنے چاہنے والوں کے دلوں میں ڈالتا ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حاملانِ قرآن اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں

حاملانِ قرآن رحمتِ خدا سے سرشار ہیں
وہ نورِ خدا میں ملبوس ہیں
اے حاملانِ قرآن
اِس کی کتاب کی توقیر کر کے اُس کے محبوب بن جاؤ
تا کہ وہ تم سے زیادہ محبت کرے اور
تمہیں اپنی مخلوق میں معزّز قرار دے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Presented by www.ziaraat.com

جب مومن قرآن کی تلاوت کرتا ہے
تو اللہ اُس کیلئے رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے،
اور اُس کی زبان سے نکلے ہوئے ہر حرف سے
ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے
جو قیامت تک اس کیلئے تسبیح کرتا رہے گا کیونکہ
حصولِ علم کے بعد
اللہ کے نزدیک تلاوتِ قرآن سے زیادہ کوئی
اور چیز محبوب نہیں ہے
رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اگر تم خوش نصیبوں کی سی زندگی،
موت شہداء کی سی،
روزِ حشر نجات اور قیامت کی تپتی دھوپ میں سایہ
اور گمراہی کے دن ہادی اور رہنما چاہو
تو قرآن کو پڑھو اور سمجھو
کیونکہ قرآن رحمان کا کلام ہے،
شرِ شیطان سے بچاتا ہے اور میزانِ عمل کو بھاری کر دیتا ہے
رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Presented by www.ziaraat.com

تلاوتِ سورۂ واقعہ اور اللہ تعالیٰ کی محبت

جو شخص ہر شبِ جمعہ پورا سورۂ واقعہ پڑھتا ہے
اللہ اُس سے محبت کرتا ہے
اور تمام لوگوں میں بھی اُسے محبوب بنا دیتا ہے
وہ دنیا میں ہرگز کوئی پریشانی، فقر و فاقہ نہیں دیکھے گا
اور دنیا کی آفت سے محفوظ رہے گا
اور وہ حضرت امیر المومنینؑ کے دوستوں میں سے ہوگا
یہ سورہ حضرت امیر المومنینؑ سے مخصوص ہے
اِس میں کوئی دوسرا آپؑ کا شریک نہیں ہے
امام جعفرِ صادق علیہ السلام

افسوس ہے اُس شخص کیلئے
جو قرآن کی صرف تلاوت کرے اور اُس کے
معانی میں غور و فکر نہ کرے
رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ کا ذکر

جو شخص اللہ کا ذکر زیادہ کرتا ہے
اللہ اُس سے محبت کرتا ہے
---------- رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ذکرِ الٰہی اللہ کے انس و محبت کی چابی ہے
---------- امام علی علیہ السلام

جب تو یہ دیکھے کہ اللہ تعالیٰ تجھے اپنے ذکر سے مانوس کیئے ہوئے ہے
تو (سمجھ لے کہ) وہ تجھ سے محبت کرتا ہے
اور جب دیکھے کہ وہ تجھے اپنی مخلوق کے ساتھ مانوس کیئے ہوئے ہے
تو (سمجھ لے کہ) تجھے دشمن بنا چکا ہے
---------- امام علی علیہ السلام

جو شخص کثرت سے ذکرِ الٰہی کرتا ہے
اللہ تعالیٰ اُسے اپنا محبوب بنا لیتا ہے
رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو صحیح معنوں میں اللہ کو یاد کرتا ہے
وہ اُس کی اطاعت کرنے والا ہوتا ہے
اور جو اُس سے غافل ہوتا ہے
وہ نافرمانی کرنے والا ہوتا ہے
اطاعت ہدایت کی علامت ہے
جبکہ معصیت و نافرمانی گمراہی کی نشانی ہے
اِن دونوں کی بنیاد یاد اور غفلت ہے
---------- امام جعفرِ صادق علیہ السلام

- ذکرِ الٰہی اُنس و الفت کی کنجی ہے
- ذکر (خدا) نور ہے ---------- امام علی علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

توبہ

اللہ سے توبہ کرو اور اُس کی محبت میں داخل ہو جاؤ
یقیناً اللہ توبہ کرنے والوں اور پاکیزہ لوگوں
کو دوست رکھتا ہے اور مومن توبہ کرتا ہے

-- امام علی علیہ السلام

جب کوئی بندہ مخلصانہ طور پر توبہ کرتا ہے
تو خدا اُس سے محبت کرتا ہے
اور دنیا و آخرت میں اُس کے گناہ چھپا دیتا ہے

-- امام جعفرِ صادق علیہ السلام

میرے لئے ایسی توبہ مقرّر کر دے
جس سے مجھے تیری محبت نصیب ہو
اے توبہ کرنے والوں کو دوست رکھنے والے

امام زین العابدین علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب،
پرہیزگار اور توبہ کرنے والا ہے

-- امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

اللہ تعالیٰ کے نزدیک نوجوان توبہ
کرنے والے سے بڑھ کر کوئی محبوب نہیں
اور اُس بوڑھے شخص سے بڑھ کر
اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی دشمن نہیں
جو گناہوں پر اصرار کرتا ہے

-- رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے علیؑ ! تائب کی تین نشانیاں ہیں
حرام سے بچنا ، طلبِ علم میں حرص
جس طرح دودھ واپس تھنوں میں نہیں جاتا
اُس طرح وہ بھی دوبارہ گناہ نہ کرے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دعا

رسولؐ خدا کی دعا

اے اللہ میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں

اور اُس شخص کی محبت کا سوال کرتا ہوں

جو تجھ سے محبت کرتا ہو اور اُس عمل کا تقاضا کرتا ہوں

جو مجھے تیری محبت تک پہنچادے

اے اللہ اپنی محبت کو میرے لئے خود میرے نفس،

میرے اہل وعیال اور ٹھنڈے پانی سے زیادہ محبوب قرار دے

اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ عمل روے زمین پر دُعا کرنا ہے

------ امام علی علیہ السلام

مناجاتِ حضرت علیؑ

پروردگار! تیری عزّت وجلال کی قسم،

میں تجھ سے ایسی محبت کرتا ہوں

جس کی حلاوت میرے دل میں بیٹھ گئی ہے

Presented by www.ziaraat.com

مولا ! میں تیری محبت کا بھوکا ہوں

اور سیر نہیں ہوتا ہوں،

تیری محبت کا پیاسا ہوں

سیراب نہیں ہوتا ہوں

------ امام جعفرِ صادق علیہ السلام

امام زین العابدینؑ کی دعا

اے اللہ محمدؐ وآلِ محمدؑ پر درود بھیج

میرے دل کو اپنی محبت کیلئے خالص

اور اُسے اپنی یاد میں مشغول کردے

------ اے اللہ ------

ہمارے دلوں کی آنکھوں کو

ان چیزوں کے دیکھنے کے قابل نہ رکھ

جو تیری محبت کے خلاف ہیں

خوش اخلاقی

تم میں سے خدا کے نزدیک وہ زیادہ محبوب ہیں،
جو خوش اخلاق ہیں، جو تواضع کرتے ہیں
اور دوسروں سے محبت کرتے ہیں
اور دوسرے اُن سے محبت کرتے ہیں

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

راوی کہتا ہے کہ ہم رسولؐ اللہ کے پاس بیٹھے تھے
کہ آپؐ کے پاس عرب کے کچھ بادیہ نشین آئے
اور کہا خدا کے نزدیک کون سے بندے زیادہ محبوب ہیں
حضورؐ نے فرمایا جو اِن میں زیادہ خوش اخلاق ہیں

مومن نے فرائض کی ادائیگی کے بعد
لوگوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے
سے زیادہ محبوب عمل خدا کی بارگاہ میں پیش نہیں کیا

امام جعفرِ صادق علیہ السلام

محبت

اللہ کے ہاں پسندیدہ وہ بندہ ہے
جس کا اخلاق اچھا ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

مکارمِ اخلاق میں دس چیزیں ہیں

- خدا کا صحیح معنوں میں خوف
- زبان کی سچّائی
- امانتوں کی ادائیگی
- صلہ رحمی
- مہمان نوازی
- سائل کو کھانا کھلانا
- احسان کا بدلہ چکانا
- ہمسائے کی تکلیف کو دور کرنا
- اپنے ساتھی کی تکلیف دور کرنا
- اور سب سے بالاترین حیا ہے

Presented by www.ziaraat.com

سخاوت

سخی اللہ کا محبوب ہے — امام علی علیہ السلام

- جاہل سخی خدا کے نزدیک بخیل عابد سے زیادہ محبوب ہے
- خدا اپنی مخلوق میں سے سخی کو دوست رکھتا ہے
- سخاوت کرو، بے شک خداوندِ عالم ہر سخی کو دوست رکھتا ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سخی
- اللہ کے قریب ہے،
- لوگوں کے قریب ہے،
- جنّت کے قریب ہے،
- جہنّم سے دور ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سخاوت و شجاعت دو بڑی قیمتی چیزیں ہیں
انہیں اللہ تعالیٰ اُسی شخص کے اندر رکھتا ہے کہ
جس سے محبت رکھتا اور جس کا امتحان لے چکا ہوتا ہے

امام علی علیہ السلام

غصہ برداشت کرنا

اللہ کی محبت اُس شخص کیلئے واجب ہو جاتی ہے
جو غیظ میں آنے کے بعد بُردبار ہو جاتا ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بندہ جو گھونٹ پیتا ہے
اِن میں سے اللہ کے نزدیک محبوب ترین
گھونٹ غصّہ کا گھونٹ ہے

امام جعفرِ صادق علیہ السلام

اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ شخص بڑا دشمن ہے
جس سے لوگ اس کی زبان کی وجہ سے ڈرتے ہوں

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Presented by www.ziaraat.com

نرمی

بیشک اللہ ہر کام میں نرمی کو دوست رکھتا ہے

.... رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ مہربان ہے اور مہربانی کو دوست رکھتا ہے

.... رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص نرمی سے محروم رہا ہے،
وہ تمام بھلائیوں سے محروم رہا ہے

.... رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

موت

جو موت کو زیادہ یاد کرتا ہے
اُس سے اللہ محبت کرتا ہے

.... رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص موت کا انتظار کرتا ہے
وہ نیک کاموں میں جلدی کرتا ہے

امام علی علیہ السلام

اللہ تعالیٰ ہر غمگین دل کو اور
ہر شکر گزار بندے کو دوست رکھتا ہے

.... امام زین العابدین علیہ السلام

اللہ تعالیٰ باحیاء اور بُردبار شخص کو دوست رکھتا ہے

.... امام محمد باقر علیہ السلام

اِس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ
باحیاء ، بُردبار ، پاک دامن
اور پرہیزگار انسانوں کو دوست رکھتا ہے

.... رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میرے پاس نمازِ ظہر کے بعد
ستّر ہزار فرشتوں کے ساتھ جبرائیلؑ آئے اور کہا :
اے محمدؐ جو شخص جماعت کو دوست رکھتا ہے،
اُسے اللہ اور تمام فرشتے دوست رکھتے ہیں

.... رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Presented by www.ziaraat.com

جمال

اللہ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے

--------------- رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

اللہ تبارک وتعالیٰ جمال کو پسند فرماتا ہے

تیوری چڑھانے والے فقر و تنگدستی کا اظہار کرنے

والے کو ناپسند کرتا ہے اور میلے کچیلے آدمی کو بھی ناپسند کرتا ہے

--------------- امام علی رضا علیہ السلام

خوبصورتی زبان میں ہے

--------------- رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

مومن کا جمال اُس کی پرہیزگاری میں ہے

--------------- امام علی علیہ السلام

عقل سے بڑھ کر کوئی خوبصورتی نہیں

امام علی علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

ابنِ عباس نے رسولؐ اللہ سے روایت کی:

جس شخص میں تین صفتیں ہوں گی،

اللہ اُسے اپنی پناہ میں لے لیگا،

اور اپنی رحمت سے ڈھانپ لے گا

اور اپنی محبت میں داخل کر لے گا

دریافت کیا گیا کہ

اے اللہ کے رسولؐ وہ صفتیں کیا ہیں

آپؐ نے فرمایا:

اگر اِسے دیا جائے تو شکرادا کرتا ہے

اور جب کسی شخص پر قابو پا لے تو اُسے معاف

کر دیتا ہے

اور جب غصّہ آتا ہے تو اِسے پی جاتا ہے

اللہ تعالیٰ کے محبوب اور برگزیدہ بن جاؤ

اگر تم یہ چاہتے ہو کہ اللہ کے محبوب
اور اُس کے برگزیدہ بن جاؤ
تو اُس کے ساتھ اچھا سلوک کرو
جس نے تمہارے ساتھ بدسلوکی کی
جس نے تم پر ظلم کیا اُسے معاف کردو
اور اُس کو سلام کرو جو تم سے روگردانی کرتا ہے

حضرت عیسیٰؑ

اللہ تعالیٰ کی محبت یقینی ہے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
میری محبت اِن لوگوں کیلئے یقینی ہے
جو میرے لئے ایک دوسرے سے دوستی کرتے ہیں
اِسی طرح اُن لوگوں کیلئے میری محبت قطعی ہے
جو میرے لئے ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

امیرالمومنینؑ سے روایت کی گئی ہے کہ

آنحضرتؐ نے معراج کی رات اپنے رب سے سوال کیا
کہ پروردگار کون سا عمل افضل ہے تو اللہ کا ارشاد ہوا :
میرے نزدیک مجھ پر توکّل اور میری تقسیم پر راضی ہونے سے
افضل اور کوئی عمل نہیں ہے

اے محمدؐ! میری محبت اُن لوگوں کیلئے ضروری ہے
جو میری رضا کیلئے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں

میری محبت اُن لوگوں کیلئے واجب ہے
جو میری راہ میں ایک دوسرے سے اُلفت کرتے ہیں

میری محبت اُن لوگوں کیلئے لازمی ہے
جو میری راہ میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں

میری محبت اُن لوگوں کیلئے قطعی ہے
جو مجھ پر توکّل کرتے ہیں

اور میری محبت کا کوئی نشان اور حدو انتہا نہیں

ارشادِ خداوندی ہے کہ
میرا مومن بندہ مجھے
میرے بعض فرشتوں سے بھی زیادہ محبوب ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ کے اہل و عیال

مخلوق اللہ کی اہل و عیال ہیں
پس اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ محبوب وہ ہے
جو اللہ کے عیال کو فائدہ پہنچاتا ہے
اور گھر والوں کو خوش کرتا ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے
خلق میرے عیال ہیں
میرے نزدیک ان میں زیادہ محبوب وہ ہے
جو ان پر زیادہ لطف کرتا ہے
اور ان کی حاجت روائی کیلئے زیادہ کوشش کرتا ہے

امام محمد باقر علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

ایمان کے بعد عقل کا کمال

لوگوں سے محبت ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عزّت و جلال والے خدا پر ایمان کے
بعد عقل کا کمال لوگوں سے محبت ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لوگوں سے محبت کرنا نصف عقل ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لوگوں سے محبت عقل مندی کی دلیل ہے

امام علی علیہ السلام

سرنامۂ عقل لوگوں سے محبت ہے

امام علی علیہ السلام

محبت و دوستی برکت ہے

امام علی علیہ السلام

جب تم یہ چاہو کہ اللہ تم سے محبت کرے
تو اس سے ڈرو اور اُس کا تقویٰ اختیار کرو
رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صدقہ دے کر اور صلۂ رحمی کر کے
اپنے گناہوں کو دھو ڈالو
اور اللہ تعالیٰ کے محبوب بن جاؤ
امام علی علیہ السلام

محبت و دوستی نصف دین ہے
رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جان لو اُلفت و محبت اللہ کے سبب
اور دشمنی شیطان کے سبب پیدا ہوتی ہے
امام محمد باقر علیہ السلام

ہزار دوست واحباب زیادہ نہیں ہیں
اگرچہ دشمن ایک ہی بہت ہے
امام علی علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے کو وصیّت کی
بیٹا ہزار دوست بناؤ اگرچہ ہزار دوست بھی کم ہیں
اور ایک شخص کو بھی دشمن نہ بناؤ کہ وہ بھی بہت ہے

میری اُمّت اُس وقت تک کامیابی سے ہمکنار رہے گی
جب تک وہ ایک دوسرے سے محبت کریں گے
آپس میں ہدیہ و تحفہ دیتے رہیں گے
اور امانت ادا کرتے رہیں گے
رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فائدہ مند ترین خزانہ دلوں کی محبت ہے
امام علی علیہ السلام

ہوشیار ہو جاؤ
کہ آپس کی دشمنی
تباہ کن ہے
رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایک دوسرے سے قطع تعلقی نہ کرو
اور ایک دوسرے سے منہ نہ موڑو
اور ایک دوسرے سے حسد نہ کرو
اور بھائی بھائی بن جاؤ

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو
یہ تباہ کرنے والا ہے

امام علی علیہ السلام

دو مسلمان بھائیوں کی قطع تعلقی سے
شیطان بہت خوش ہوتا ہے
لیکن جب اِن کے درمیان صلح وصفائی ہو جاتی ہے
تو اُس کے گھٹنے ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں
اس کے جوڑ و بند ٹوٹ جاتے ہیں اور وہ چلّاتا ہے
ہائے افسوس میں ہلاک ہوا

امام جعفرِ صادق علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

کیا میں تمہیں نماز و صدقہ
سے بہتر چیز نہ بتاؤں
سب نے کہا اے اللہ کے رسولؐ ضرور بتایئے
آپؐ نے فرمایا
آپس میں صلح و صفائی برقرار رکھو
اور عداوت سے پرہیز کرو
یہ تباہ کرنے والی ہے

کیا میں تمہیں روزہ و نماز اور صدقہ
کے درجہ سے بلند چیز سے خبردار کر دوں
سب نے کہا ہاں
آپؐ نے فرمایا
آپس میں صلح و صفائی
کیونکہ اختلاف تباہ کن ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے مومن رشتہ دار سے بغض نہ رکھنا
کہ یہ دین کو جلا کر خاکستر کر دیتا ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین اشخاص کی نماز
اُن کے سر سے ایک بالشت سے
زیادہ اوپر نہیں جاتی ہے

۱) اُس شخص کی جو کہ اس جماعت کا پیشوا بن جائے
جو اُسے پسند نہ کرتی ہو۔
۲) اُس عورت کی جس کا شوہر اُس سے ناراض ہو۔
۳) دو بھائی کہ جن میں جدائی ہوگئی ہو۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسولؐ اللہ نے ابوذر سے اپنی وصیت میں فرمایا
اے ابوذرؓ ! اپنے مومن بھائی سے قطع تعلق کرنے سے پرہیز کرو
کیونکہ قطع تعلق کرنے والے کا عمل قبول نہیں ہوتا

Presented by www.ziaraat.com

پیر اور جمعرات کے دن اعمال پیش کیۓ جاتے ہیں
استغفار کرنے والوں کو بخش دیا جاتا ہے
اور توبہ کرنے والے کی توبہ قبول کر لی جاتی ہے
اور کینہ رکھنے والوں کو ان کے کینہ کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے
یہاں تک کہ وہ بھی توبہ کرلیں

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پیر اور جمعرات کے دن
جنت کے دروازے کُھل جاتے ہیں
اور قطع روابط کرنے والے
آدمی کے علاوہ ہر موحد بندے کو بخش دیا جاتا ہے
اور کہا جاتا ہے کہ قطع روابط کرنے والوں کو چھوڑ دو
یہاں تک کہ دونوں صلح کرلیں

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بیشک خدا پندرہویں شعبان کی شب جلوہ نمائی فرماتا ہے
اور سوائے مشرک اور کینہ پرور کہ
اپنی ساری مخلوق کو بخش دیتا ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عبداللہ ابنِ عباس نے رسولِ خداؐ سے سنا ہے کہ

آپؐ فرماتے ہیں کہ شبِ قدر میں خدا جبرائیلؑ کو حکم دیتا ہے

اور وہ ملائکہ کی ایک جماعت کے ساتھ نازل ہوتے ہیں

اور طلوعِ فجر کے وقت جبرائیلؑ ندا دیتے ہیں

اے فرشتو! چلو چلو۔ ملائکہ کہتے ہیں کہ

اے جبرائیلؑ امتِ احمدؐ کے مومنوں کی حاجات کیلئے خدا نے کیا کیا؟

جبرائیلؑ کہتے ہیں

آج کی رات خدا نے اُن پر نظر کی اور اُنہیں معاف کر دیا

اور چار اشخاص کے علاوہ سب کو بخش دیا

ہم نے عرض کی ...... اے اللہ کے رسولؐ وہ چار اشخاص کون ہیں ؟

آپؐ نے فرمایا ...... ● ہمیشہ کا شراب خور ● والدین کا عاق کیا ہوا

● مشاحن ● قطع رحم کرنے والا

ہم نے عرض کی ...... اے اللہ کے رسولؐ یہ مشاحن کون ہیں ؟

آپؐ نے فرمایا ...... اپنے دینی بھائی سے کنارہ کشی کرنے والے کو مشاحن کہتے ہیں ۔

Presented by www.ziaraat.com

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

ماہِ رمضان کی پہلی شب میں

سرکش شیطانوں کو قید کر دیا جاتا ہے

اور ہر شب میں

۷۰ ہزار آدمیوں کو بخش دیا جاتا ہے

اور جب شبِ قدر آتی ہے

تو خدا اُتنے ہی لوگوں کو بخش دیتا ہے

جتنے رجب و شعبان اور رمضان میں

اُس دن تک بخش دیئے گئے

مگر کینہ رکھنے والوں کو نہیں بخشتا اور کہتا ہے

کہ انہیں چھوڑ دو یہاں تک کہ دونوں صلح کر لیں

اللہ جن سے محبت نہیں کرتا

اللہ تعالیٰ ...... چار اشخاص کو دشمن سمجھتا ہے

- قسم کھا کر بیچنے والے کو
- مغرور فقیر کو
- بوڑھے زانی کو
- ظالم پیشوا کو

--------------- رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ ...... تین اشخاص سے کلام نہیں کرتا اور نہ اُن کی طرف دیکھتا ہے

- ظالم پیشوا
- بوڑھے زناکار
- متکبّر عابد

--------------- رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ ...... اس شخص کو دشمن سمجھتا ہے جو اپنے بھائیوں سے منہ پھلائے رہتا ہے ۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ ...... اس شخص کو دشمن سمجھتا ہے جو اپنی زندگی میں کنجوس رہتا ہے اور موت کے وقت سخی بن جاتا ہے۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ ...... مالدار کنجوس سے بہت دور ہے ۔

امام علی علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

اللہ تعالیٰ ...... بد عمل اور بد زبان کو دشمن رکھتا ہے

--------------- امام محمد باقر علیہ السلام

اللہ تعالیٰ ...... جاہل بوڑھے، ظالم مالدار اور دھوکے باز فقیر کو دشمن رکھتا ہے

--------------- امام محمد باقر علیہ السلام

اللہ تعالیٰ ...... اُس شخص کو دشمن رکھتا ہے جو اپنے بھائیوں کے سامنے ہمیشہ تیوری چڑھائے رکھتا ہے۔

--------------- امام علی علیہ السلام

اللہ تعالیٰ ...... ہر بداخلاق اور متکبّر اور بد زبان، بازاری قسم کے آدمی کو دشمن رکھتا ہے جو رات کو مُردار بنا پڑا رہتا ہے اور دن کو گدھے کی مانند کام میں لگا رہتا ہے۔ دنیا کا تو عالم ہوتا ہے لیکن آخرت سے بے خبر ہوتا ہے۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ ...... کے نزدیک سب سے زیادہ قابلِ نفرت جاہل ہوتا ہے

--------------- امام علی علیہ السلام

اللہ تعالیٰ ...... بے حیائی کے ساتھ گالی بکنے والے اور اصرار کے ساتھ بھیک مانگنے والے کو دشمن سمجھتا ہے۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ ...... گناہوں پر جری بے حیاء کو دشمن رکھتا ہے

امام علی علیہ السلام

خبردار فحش نہ بکنا کیونکہ

اللہ تعالیٰ ...... کھلّم کھلا گالی بکنے والے کو دوست نہیں رکھتا ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ ...... بدزبان شخص کو دشمن رکھتا ہے ۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

زیادہ جھگڑالو انسان کو

اللہ تعالیٰ ...... دشمن سمجھتا ہے

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تعالیٰ ...... کے نزدیک وہ شخص بڑا دشمن ہے
جس کی زبان کی وجہ سے لوگ ڈرتے ہوں

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

غیبت کرنے والے کو

اللہ تعالیٰ ...... بڑا دشمن سمجھتا ہے

امام علی علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

بیشک اللہ تعالیٰ ...... لعنت کرنے والے
گالی دینے والے
مومنوں کو طعنہ دینے والے
بُرا بھلا کہنے والے
اصرار کے ساتھ بھیک مانگنے والے کو
دشمن سمجھتا ہے

امام محمد باقر علیہ السلام

اللہ تعالیٰ ...... اس ناتواں مومن کو دشمن سمجھتا ہے
جس کا کوئی دین نہیں ہوتا

عرض کیا گیا یا رسولؐ اللہ : ایسا کون مومن ہے جس کا کوئی دین نہ ہو ؟

آپؐ نے فرمایا : جو برائیوں سے نہیں روکتا ہے ۔

امام جعفرِ صادق علیہ السلام

اللہ تعالیٰ ...... تین چیزوں کو پسند کرتا ہے۔

- کم بولنا
- کم سونا
- کم کھانا

اور تین چیزوں کو پسند نہیں فرماتا ہے۔

- زیادہ بولنے
- زیادہ سونے
- زیادہ کھانے کو

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جب اللہ تعالیٰ ...... کسی بندے پر غضب ناک ہوتا ہے
تو اُسے مال کا عاشق بنا دیتا ہے
اُس کی امیدوں کا دامن وسیع کر دیتا ہے
اور اس پر دنیا داری کا الہام کرتا ہے
اور اُسے اِس کی خواہش نفس کے حوالے کر دیتا ہے
نتیجے میں وہ سرکشی کے مرکب پر سوار ہو جاتا ہے
فساد پھیلاتا ہے اور بندوں پر ظلم کرتا ہے

------------------ **امام جعفرِ صادق علیہ السلام**

اللہ تعالیٰ ...... یقیناً ایسے لباس کو ناپسند فرماتا ہے
جو شہرت کیلئے پہنا جاتا ہے

------------------ **امام جعفرِ صادق علیہ السلام**

- محبت (محمدی رے شہری)
- میزان الحکمت
- تجلیاتِ حکمت
- نہج الفصاحہ
- صحیفۂ پنجتنؑ
- ہدیۃُ الشیعہ
- کتابُ العلم

Presented by www.ziaraat.com